نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

13 اگست 2008

برائے فوری اجراء

104/2008

رابطہ: لُو فِنٹر، ترجمان

0300-501-2640

26 پاکستانی طالبعلموں کی دو ہفتے کے تعلیمی پروگرام میں شرکت کیلئے امریکہ روانگی

اسلام آباد (13 اگست 2008ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کی مشن ڈائریکٹر این آرنیز نے مختلف ثقافتوں کے مابین مفاہمت کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا ہے اور تبادلہ پروگراموں کو طلبا و طالبات کی وسعتِ نظر کو نکھارنے کی جانب پہلا قدم قرار دیا۔

این آرنیز نے 26 پاکستانی ہائی اسکول طالبعلموں کی واشنگٹن میں سائنس و ٹیکنالوجی کے دو ہفتے کے تبادلہ پروگرام میں شرکت کے لئے روانگی سے قبل الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "میں جانتی ہوں کہ آپ کے والدین اور اساتذہ کو آپ کی تعلیمی کامیابیوں اور آپ کے اس پروگرام کیلئے انتخاب پر فخر ہے۔"

یہ تبادلہ پروگرام یو ایس ایڈ کے 90 ملین ڈالر مالیت کے ایڈلنکس (ED-LINKS) پروگرام کا حصہ ہے، جس کے تحت طالبعلموں کو ویب ڈیولپمنٹ، ڈیجیٹل فوٹاگرفی اور ویڈیو پروڈکشن کے بارے میں پڑھایا جائے گا۔ اِس پروگرام کے تحت جانے والا طالبعلموں کا پہلا گروپ جو چودہ لڑکوں اور 12 لڑکیوں پر مشتمل ہے، اسلام آباد کے شہری و دیہی علاقوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

یو ایس ایڈ کی سربراہ آرنیز نے کہا کہ "آپ کو جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بارے میں زیادہ سے زیادہ سیکھنے کے ساتھ ساتھ امریکی زندگی کا براہِ راست مشاہدہ کرنے کا ایک منفرد موقع مل رہا ہے۔ میں جانتی ہوں کہ آپ پاکستان کی موثر نمائندگی کرنے پر نازاں ہوں گے اور امریکی طالب علموں اور اساتذہ سے دلچسپ دوستیاں قائم کریں گے، جن سے آپ کی ملاقات ہوگی۔

ایڈلنکس کے تحت بلوچستان، سندھ اور اسلام آباد سے تیس تیس طالب علموں کو ہر سال بھیجا جائے گا۔ طالبعلموں کو ان علاقوں کے پسماندہ گھرانوں سے اُن کی قابلیت کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔ ایڈلنکس حکومتِ پاکستان کی وزارت تعلیم کے اشتراک سے کام کرتا ہے۔

2002ء سے اب تک حکومت امریکہ یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو اقتصادی ترقی، تعلیم، صحت اور حکمرانی کو بہتر بنانے اور زلزلہ زدہ علاقوں میں تعمیرِ نو کے لئے دو ارب ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800